جیسے اساتذہ سے انہوں نے اکتساب علم کیا۔ ان کی عمر ۵۵ برس تھی۔ آخر وقت تک وہ کلمہ طیبہ اور **انا للہ وانا الیہ راجعون** کے ورد میں مصرف رہے۔

مرحوم نے ساری زندگی تبلیغ دین میں صرف کی۔ بے نماز کا جنازہ پڑھنے اور بعض دیگر مسائل میں بہت سخت موقف کے حامل تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

(ادارہ)

پروفیسر یامین محمدیؒ کا انتقال

کراچی سے اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالخالق آفریدی صاحب نے اطلاع دی ہے کہ پروفیسر یامین محمدی صاحب قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں۔ ان کی وفات دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی۔ **انا للہ و انا الیہ راجعون۔** مرحوم کا شمار جماعت اہل حدیث کے معروف علمائے کرام میں ہوتا تھا۔ وہ کراچی یونیورسٹی میں شعبہ عربی کے ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ تھے۔ علامہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے قریبی اور معتمد ساتھیوں میں سے تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر و جمیل کی توفیق دے۔

اہم اعلان

مشہور تابعی حضرت یزید بن معاویہ پر ہم نے گذشتہ شمارے میں ایک قیمتی مقالہ شائع کیا تھا جس نے قارئین کی بھرپور نظر التفات حاصل کی۔ اس موضوع پر بہت سے حضرات نے خط و کتابت بھی کی ہے۔ جنہیں فردا" فردا" جواب دے دیا گیا ہے۔ حضرت یزید کے متعلق ایک اہم مضمون تحریر کردہ مولانا محمد ادریس ہاشمی صاحب آئندہ شمارے میں شامل اشاعت کیا جائے گا

(ادارہ)

ضرورت رشتہ

دینی' تعلیم یافتہ' فاضل درس نظامی و وفاق المدارس' تدریس کے شعبہ سے منسلک' گھریلو' باپردہ' دینی مزاج کی حامل خاتون کے لئے رشتہ درکار ہے۔ لاہور اور مضافات سے رجوع فرمائیں۔

رابطہ کے لئے :۔ ابو عبداللہ معرفت قرآن کالج ۱۹۱۔ اتاترک بلاک نیو گارڈن ٹاؤن' لاہور